## صوبہ سرحد کے ضلع بونیر میں خودکش بم دھماکے پر الطاف حسین کا اظہار مذمت

## خودکش بم دھماکے اسلام کی تعلیمات نہیں بلکہ کھلی دہشت گردی ہیں۔الطاف حسین

## اسلام امن وسلامتی کا مذہب ہے لیکن مذہبی انتہا پسند عناصر اسلام کے نام پر خودکش حملے کرکے اپنے ہی کلمہ گو مسلمان بھائیوں، بزرگوں،خواتین اور معصوم بچوں کو خاک وخون میں نہلا رہے ہیں

## خودکش بم دھماکے میں جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین سے الطاف حسین کا اظہار تعزیت ،زخمیوں سے اظہار ہمدردی

لندن ۔۔۔28 دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صوبہ سرحد کے ضلع بونیر میں ضمنی انتخابات کے موقع پر گرلز اسکول میں واقع پولنگ اسٹیشن میں خودکش بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اور دھماکے میں درجنوں معصوم وبے گناہ افراد کے جاں بحق ہونے پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ اسلام امن وسلامتی کا مذہب ہے لیکن مذہبی انتہا پسند عناصر اسلام کے نام پر خودکش حملے کرکے اپنے ہی کلمہ گو مسلمان بھائیوں، بزرگوں،خواتین اورمعصوم بچوں کو خاک وخون میں نہلا رہے ہیں اور دہشت گردی کی کارروائیاں کرکے دنیا بھر میں اسلام کو بدنام کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ یہ خودکش بم دھماکے اسلام کی تعلیمات نہیں بلکہ کھلی دہشت گردی ہیں اور کوئی بھی فرد ان کی حمایت نہیں کرسکتا۔جناب الطاف حسین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ بونیر میں خودکش بم دھماکے میں ملوث عناصر کے خلاف سخت کارروائی کی جائے اور عوام کی جان ومال کے تحفظ کیلئے ٹھوس اقدامات کئے جائیں۔جناب الطاف حسین نے خودکش بم دھماکے میں جاں بحق ہونے والے معصوم بچوں اور دیگر افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق ہونے والے افراد کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔انہوں نے زخمیوں سے بھی دلی ہمدردی کا اظہار کیا اور ان کی جلد صحتیابی کیلئے بھی دعا کی۔

## عقیدے کے اختلاف کی بنیاد پر آپس میں دشمنی اور جنگ وجدل اسلام کی تعلیمات کے سراسر خلاف ہے۔شعیب بخاری

## قائد تحریک الطاف حسین کا شروع دن سے یہی پیغام ہے کہ ’’اپنے عقیدے کو چھوڑو نہیں اور دوسرے کے عقیدے کو چھیڑو نہیں‘‘

## مذہبی رواداری اور بھائی چارے کا قیام موجودہ نازک حالات کے تناظر میں انتہائی ضروری ہے

## فرقہ وارانہ ہم آہنگی برقرار رکھنے کے سلسلے میں کراچی میں جمشید ٹاؤن کے زیر اہتمام علمائے کرام کے بڑے اجتماع سے خطاب

## اجتماع میں مختلف مکاتب فکر کے سینکڑوں علمائے کرام، مشائخ عظام، ذاکرین، خطیبوں اور دینی تنظیموں کے رہنماؤں کی شرکت

## تمام فقہوں اور مسالک سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام اور عوام ایک دوسرے کیلئے برداشت پیدا کریں۔صوبائی وزیر رضا ہارون،حق پرست رکن قومی اسمبلی وسیم اختر اور جمشید ٹاؤن کے ناظم جاوید احمد کا خطاب

کراچی۔۔۔28/دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب بخاری ایڈوکیٹ نے کہا ہے کہ کسی بھی عقیدے کے ماننے والے مسلمان اللہ تعالیٰ ہی کی عبادت کرتے ہیں لہٰذا عقیدے کے اختلاف کی بنیاد پر آپس میں دشمنی اور جنگ وجدل اسلام کی تعلیمات کے سراسر خلاف ہے۔انہوں نے یہ بات محرم الحرام میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی برقرار رکھنے کے سلسلے میں کراچی میں جمشید ٹاؤن کے زیر اہتمام منعقد کئے جانیوالے ایک بڑے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔علماء ومشائخ عظام کا یہ اجتماع شہر کا ایک بڑا اجتماع تھا جس میں مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام، مشائخ عظام، ذاکرین، خطیبوں اور دینی تنظیموں کے رہنماؤں نے شرکت کی۔اجتماع سے صوبائی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی رضا ہارون، حق پرست رکن قومی اسمبلی وسیم اختر اور جمشید ٹاؤن کے ناظم جاوید احمد نے بھی خطاب کیا۔اجتماع سے اپنے خطاب میں شعیب بخاری ایڈوکیٹ نے کہا کہ ایم کیوایم تمام مذاہب، فقہ اور مسالک کے ماننے والوں اور انکے عقائد کا احترام کرتی ہے اور قائد تحریک الطاف حسین کا شروع دن سے یہی پیغام ہے کہ ’’اپنے عقیدے کو چھوڑو نہیں اور دوسرے کے عقیدے کو چھیڑو نہیں‘‘۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے اتحاد بین المسلمین کیلئے کی جانے والی عملی کاوشیں کسی تعریف کی محتاج نہیں ہیں اور ایم کیوایم تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے عوام میں ہم آہنگی اور بھائی چارہ کیلئے ہرممکن عملی اقدامات کررہی ہے۔شعیب بخاری نے کہا کہ مذہبی رواداری اور بھائی چارے کا قیام ملک کے نازک حالات کے تناظر میں انتہائی ضروری ہے۔انہوں نے علمائے کرام سے اپیل کی کہ وہ اپنے خطبات میں مذہبی رواداری اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے قیام کیلئے زور دیں تاکہ سازشی عناصر عوام کو آپس میں لڑانے میں کامیاب نہ ہوسکیں۔صوبائی وزیر رضا ہارون، رکن قومی اسمبلی وسیم اختر اور ٹاؤن ناظم جاوید

احمد نے اپنے خطاب میں کہا کہ اسلام صبر و برداشت کا درس دیتا ہے اور اسلامی تعلیمات کی اصل روح یہی ہے کہ تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام اور عوام ایک دوسرے کیلئے برداشت پیدا کریں۔انہوں نے کہا کہ آج پاکستان نازک حالات کا شکار ہے اور ایسے حالات میں باہمی اتحاد کے ذریعے ملک کی سلامتی کو یقینی بنایا جاسکتا ہے ۔اجتماع میں مولانا تنویرالحق تھانوی، مفتی عثمان یار خان، قاری عبدالحئ، مولانا اسد دیوبندی، قاری سعید قمر قاسمی، مولانا علی اکبر، علامہ دیدار شا، علامہ آغاز نادر، شاہ سراج الحق قادری، مولانا آفتاب قادری، مولانا امیر عبداللہ فاروقی، علامہ خالق آفریدی، علامہ سید شاہ فیروزالدین رحمانی، علامہ علی کرار نقوی، ڈاکٹر خواجہ اشرف، شیخ الحدیث مفتی ابولضر غلام فرید چشتی، مولانا مرتضی خان رحمانی، مقبول احمد جان چشتی، مولانا ناصر یامین اور دیگر شامل تھے جبکہ اجتماع میں حق پرست رکن قومی اسمبلی عبدالرشید گوڈیل، جمشید ٹاؤن کے یوسی ناظمین، ٹی ایم او، ٹی پی او اور پولیس وانتظامیہ کے افسران نے بھی شرکت کی۔

## ایم کیوایم لائینز ایریا سیکٹر کے فنانس سیکریٹری، سانگھڑ زون، کورنگی، پی آئی بی، لیاقت آباد سیکٹر کے کارکنان وعہدیداران سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔28/دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لائینز ایریا سیکٹر کے فنانس سیکریٹری سکندر حسین کی ہمشیرہ محترمہ فریدہ بیگم، سانگھڑ زون یونٹ ٹنڈوآدم کی یونٹ کمیٹی کے رکن شاہد شاہ کی والدہ محترمہ نسیم خاتون، کورنگی سیکٹر یونٹ 72 کے کارکن حسن مہدی کے والد سید مہدی حسن، پی آئی بی سیکٹر یونٹ 58 کی یونٹ کمیٹی کے رکن عامر کے بھائی عمران، ایم کیوایم لیبر ڈویژن پاکستان ریلوے یونٹ کے کارکن انیس احمد کے والد حفیظ احمد، لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 161 کے کارکن نور احمد کی والدہ محترمہ امرت بی اور ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 179 کے کارکنان امیر خان، حمید خان اور امجد خان کے والد محمد یوسف خان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔( آمین )

☆☆☆☆☆